تصوف، ایک تحقیقی مطالعہ، مؤلف: محمد صدیق مغل۔ ناشر: دارالتقویٰ کراچی۔ ملنے کا پتا: علمی کتاب گھر، مین اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۳۰۲۔ قیمت: ۱۸۰روپے۔

تصوف مذہبی وفلسفیانہ فکر کا ایک ایسا موضوع ہے جس پر صدیوں سے بہت کچھ لکھا جا رہا ہے اور ہنوز اس کا سلسلہ جاری ہے۔ تصوف کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے: اسلامی اور غیراسلامی یا حقیقی اور غیرحقیقی تصوف۔ اس کے برعکس مؤلف اس تیسرے نظریے کے حامی اور مؤید نظر آتے ہیں جس کی رو سے تصوف سراسر غیراسلامی اور دین اسلام کے متوازی ایک دین ہے۔ انھوں نے بحث ونظر سے کام لیتے ہوئے یہ ثابت کیا ہے کہ مروجہ تصوف کے فلسفیانہ مباحث یونانی، اشراقی اور ویدانتی فلسفوں سے ماخوذ و مستنبط، اس کے مذہبی و دینیاتی افکار کا سرچشمہ شیعیت اور باطنیت اور اس کے اعمال ومجاہدات مسیحی رہبانیت کا چربہ ہیں۔

کتاب میں نظریۂ وحدت الوجود اور برعظیم پاک و ہند میں اسلام کی اشاعت کیا صوفیا کی تبلیغ وسعی کی رہینِ منت ہے؟ ان دو موضوعات پر بڑی جان دار اور مدلل اور سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ کتاب اگرچہ اہم اور مدلل مباحث پر مبنی ہے لیکن پوری کتاب کے موضوعات ومباحث میں ایک عمدہ تصنیف وتالیف کا منطقی ومعنوی ربط وتسلسل مفقود ہے جس سے یہ کتاب ایک مربوط بحث اور سلسلۂ کلام کے بجاے منتشر ومتفرق افکار ومسائل کا ایک مجموعہ نظر آتی ہے۔ کتاب کا معیار طباعت واشاعت گوارا ہے۔ (سمیع اللہ بٹ)

تعارف کتب

◉ **تحریک آزادی میں اُردو کا حصہ**، ڈاکٹر معین الدین عقیل۔ مجلس ترقی ادب، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۸۲۲۔ قیمت: ۴۵۰ روپے۔ [ڈاکٹر معین الدین کا یہ تحقیقی مقالہ ۳۵ سال بعد دوبارہ اب مجلس ترقی ادب لاہور نے بہ سلسلہ ۱۵۰ سالہ تقریبات جنگ آزادی ۱۸۵۷ء شائع کیا ہے۔ یہ ایک غیرمعمولی تحقیقی کاوش ہے جس سے مصنف نے تحقیق کے میدان میں اپنی آمد کا اعلان کیا۔ تحریک آزادی اور اُردو جس کا موضوع ہے، وہ اس کتاب سے بے نیاز نہیں رہ سکتا ہے۔]

◉ **محرابِ توحید**، امین راحت چغتائی۔ ناشر: بک سینٹر، ۳۲-حیدر روڈ، راولپنڈی کینٹ۔ صفحات: ۳۱۶۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔ [بلند پایہ نعتیہ کلام، حمد باری تعالیٰ میں پانچ نظمیں، بعدہٗ ۱۷۰ نعتیں شامل کتاب ہیں۔ ثناے خواجہ میں مبالغے سے پرہیز، عمدہ تشبیہات وتلمیحات، صفت گری ایسی کہ گویا موتی پرو دیے گئے ہیں۔ اُردو